اُردو (لازمی) (دوسرا گروپ) 318 - (I) (انٹرمیڈیٹ پارٹ I) پرچہ I

وقت : 20 منٹ معروضی Code : 6022 مارکس : 20

نوٹ : ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

1۔ 1۔ رات دن میں اچھن کا باپ ______ بیڑیاں پیا کرتا تھا۔
(A) دو (B) چار (C) چھ (D) آٹھ

2۔ لیکے کے باپ کا نام ______ تھا۔
(A) صدیقا (B) رفیقا (C) فقیرا (D) جیرا

3۔ قرطبہ کی شاہی لائبریری میں ______ کتابیں تھیں۔
(A) ایک لاکھ (B) ڈیڑھ لاکھ (C) دو لاکھ (D) دو لاکھ سے زائد

4۔ سبق "مکتوباتِ غالب" کا ماخذ ______ ہے۔
(A) گلِ رعنا (B) اردوئے معلیٰ (C) خطوطِ غالب (D) عودِ ہندی

5۔ لاہور کی سب سے بڑی صنعت کون سی ہے؟
(A) رسالہ سازی (B) اخبار سازی (C) دھاگہ سازی (D) طلبہ

6۔ جس مقصد کیلئے تشبیہ دی جائے اُسے ______ کہا جاتا ہے۔
(A) حرفِ تشبیہ (B) وجہ شبہ (C) غرضِ تشبیہ (D) مشبہ

7۔ اکرم شیر کی طرح بہادر ہے۔
(A) استعارہ ہے (B) تشبیہ ہے (C) تلمیح ہے (D) وجہ شبہ ہے

8۔ کسی تاریخی واقعے کی طرف اشارہ کرنا ______ کہلاتا ہے۔
(A) تلمیح (B) استعارہ (C) تشبیہ (D) مشبہ

9۔ ارکانِ استعارہ کتنے ہیں؟
(A) ایک (B) دو (C) تین (D) چار

10۔ استعارہ میں ______ آتا ہے۔
(A) وجہ جامع (B) حرفِ تشبیہ (C) مشبہ (D) مشبہ بہ

11۔ قافیہ کی بنیادی شرط ______ ہونا ہے۔
(A) ہم ردیف (B) ہم مرتبہ (C) ہم آواز (D) متضاد

12۔ ردیف سے پہلے ہمیشہ ______ آتا ہے۔
(A) مطلع (B) مقطع (C) استعارہ (D) قافیہ

13۔ مطلع کے دونوں مصرعے ______ ہوتے ہیں۔
(A) ہم معنی (B) ہم قافیہ (C) ذومعنی (D) ہم زبان

14۔ "حسنِ مطلع" آتا ہے۔
(A) مطلع سے پہلے (B) مقطع سے پہلے (C) مطلع کے فوراً بعد (D) درمیان میں

15۔ "مقطع" کا لغوی مطلب ______ ہے۔
(A) آخر میں آنا (B) پیچھا کرنا (C) ترتیب دینا (D) کاٹنا

16۔ اس لفظ ______ املا درست ہے۔
(A) کی (B) کا (C) کو (D) کے

17۔ احمد ______ سبزی لے آیا۔
(A) تازہ (B) تازی (C) تازے (D) تازگی

18۔ میں نے زخم پر مرہم ______۔
(A) لگائی (B) لگائے (C) لگایا (D) لگائیں

19۔ پانی میں جھاگ بیٹھ ______۔
(A) گئے (B) گئی (C) گیا (D) گا

20۔ "مکتوباتِ غالب" چھپ ______۔
(A) گئی ہے (B) گیا ہے (C) گئے ہیں (D) گئیں ہیں

ParhloPakistan.com

اُردو (لازمی) (دوسرا گروپ) 318 (انٹرمیڈیٹ پارٹ I) پرچہ I

وقت: 2:40 گھنٹے — انشائی طرز — مارکس: 80

## حصہ اوّل

2 ۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (1+1+8=10)

پھر نئے محمود ہوں گے حامیِ دینِ متیں — بچّہ بچّہ ، غیرتِ الپ ارسلاں ہوجائے گا
میرے جیسے ہوں گے پیدا ، سینکڑوں اہلِ سخن — نکتہ نکتہ جن کا ، آزادی کی جاں ہو جائے گا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (1+3x3=10)

نہ جانا کہ دنیا سے جاتا ہے کوئی — بہت دیر کی ، مہرباں آتے آتے
سنانے کے قابل جو تھی بات ان کو — وہ رہ گئی ، درمیاں آتے آتے
مرے آشیاں کے تو تھے چار تنکے — چمن اُڑ گیا، آندھیاں آتے آتے

## حصہ دوم

3 ۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح بحوالہ سیاق وسباق کیجیے۔سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ (1+1+3+10=15)

(الف) یہ ایک نیچر کا قاعدہ ہے کہ جیسا مجموعہ قوم کی چال چلن کا ہوتا ہے۔یقیناً اُسی کے موافق اس کے قانون اور اسی کے مناسب حال گورنمنٹ ہوتی ہے۔جس طرح کہ پانی خود اپنی پنسال میں آ جاتا ہے، اسی طرح عمدہ رعایا پر عمدہ حکومت ہوتی ہےاور جاہل وخراب و نا تربیت یافتہ رعایا پر ویسی ہی اکھڑ حکومت کرنی پڑتی ہے۔

(ب) بلاشبہ اس وقت تک وہ دم توڑ چکا تھا۔ اس کا جسم سنگِ مرمر کی میز پر بے جان پڑا تھا۔ اس کا چہرہ جو پہلے چھت کی سمت تھا کپڑے اتارنے میں دیوار کی طرف مڑ گیا تھا۔ معلوم ہوتا تھا کہ جسم اور اس کے ساتھ روح کی اس برہنگی نے اسے خجل کر دیا ہے اور وہ اپنے ہم جنسوں سے آنکھیں چرا رہا ہے۔

4 ۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (1+9=10)

(الف) ادیب کی عزت (ب) اور آنا گھر میں مرغیوں کا

5 ۔ دلاور فگار کی نظم ''لوکل بس'' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

6 ۔ دو دوستوں کے درمیان بڑھتے ہوئے فرقہ وارانہ فسادات پر مکالمہ تحریر کیجیے۔ 10

یا

اپنے کالج میں منعقدہ ''یومِ اقبال'' کی روداد تحریر کیجیے۔

7 ۔ پرنسپل کے نام فیس معافی کی درخواست تحریر کیجیے۔ 10

8 ۔ درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (8+2=10)

ہر بچے کی آنکھوں کے سامنے جو نمونہ مستقل طور پر رہتا ہے وہ اس کی ماں ہے۔ سو معلموں کے برابر ایک اچھی ماں ہوتی ہے۔گھر عورت کی سلطنت ہوتا ہے۔ اس میں سارے احکام اسی کے چلتے ہیں۔ وہ اپنے بچوں کی ننھی منی رعیت پر حکم نافذ کرتی ہے۔ ہر چیز کے لیے بچے اپنی آنکھوں کو اسی طرف لگائے رکھتے ہیں۔ ہر وقت اس کے روبرو وہی مثال اور نمونہ ہے جس کی پیروی کرتے ہیں اور نقل اتارتے ہیں۔ اسی واسطے بچوں کے چال چلن اور طریقے پر ماں کا اثر نسبت باپ کے زیادہ ہوتا ہے۔گھروں میں ماں کا نیک مثال ہونا ایک بڑی نعمت ہے۔

204-318-75000

Guj-G2-11-18

ParhloPakistan.com